# FAUJI CEMENT COMPANY LIMITED

Fauji Towers, Block-III, 68 Tipu Road, Chaklala, Rawalpindi, Pakistan

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Fax No** | : | 051-9280416 | **Tel** | : | 051-9280075 |
| **E-mail** | : | secretaryoffice@fccl.com.pk | **Exchange** | : | 051-9280081-83 |
| **Website** | : | http://www.fccl.com.pk | | | 5763321-24 |
| **Case No** | : | SECY/FCCL/2037/67 | **Dated:** | | 20 September 2024 |


To: **The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road, Karachi

Subject: **Notice of 32nd Annual General Meeting of Fauji Cement Company Limited (FCCL) Scheduled on 14th October 2024**

Dear Sir,

1. Please be informed that 32nd Annual General Meeting (AGM) of FCCL will be held at Pearl Continental Hotel, The Mall, Rawalpindi, on **14th October 2024** (Monday) at **1500 hours**. Hard copy of Notice for 32nd AGM of FCCL is attached herewith for your kind information and necessary reference.

2. The required copies of Newspapers (**Business Recorder** and **Daily Nawa-i-Waqt**) in which the Notice of 32nd AGM will be published on **21st September 2024** at Karachi, Lahore, Rawalpindi and Islamabad are forwarded to the Pakistan Stock Exchange and Securities & Exchange Commission of Pakistan in due course of time.

3. Submitted for kind information, please.

With regards,

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

Your's sincerely,

**Brig Kashif Naveed Abbasi, SI(M), (Retd)**
Company Secretary

Copy to:

- **Manager**
  Companies & Securities Compliance
  Pakistan Stock Exchange Limited
  Pakistan Exchange Building, Stock Exchange Road, Karachi
- **Executive Director**
  Company Law Division
  Corporatization and Compliance Department
  Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP)
  NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad
- **Chief Compliance & Risk Officer**
  Central Depository Company (CDC) of Pakistan Limited
  CDC House,99-B Block B, S.M.C.H.S, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi
- **Share Registrar**, M/s Corplink (Pvt) Limited
  Wing Arcade,1-K,Commercial, Model Town,
  Lahore

# FAUJI CEMENT COMPANY LIMITED

## Notice of 32nd Annual General Meeting

**Notice is hereby given that 32nd Annual General Meeting (AGM) of the members of Fauji Cement Company Limited (FCCL) will be held at Pearl Continental Hotel, The Mall, Rawalpindi on 14th October 2024 (Monday) at 1500 hours to transact the following business:-**

<u>**Ordinary Business**</u>

1. To confirm the minutes of 31st Annual General Meeting held on 27th October 2023.
2. To receive, consider and adopt Annual Audited Financial Statements of the Company together with the Directors' and Auditors' Reports **for the year ended 30th June 2024**.
3. To appoint Statutory Auditors of the Company and fix their remuneration for the year ending 30th June 2025.
4. To consider and approve payment of final cash dividend @ 10 % i.e. Rs. 1 per share for the year ended 30th June 2024, as recommended by the Board of Directors.
5. To transact any other business with permission of the Chairman.

By Order of FCCL Board of Directors

Fauji Cement Company Limited AUJI CEMENT Rawalpindi

**Brig Kashif Naveed Abbasi, SI(M), Retd**
Company Secretary

Rawalpindi
Dated 20 September 2024

**Notes**

1. In accordance with Section 223 of the Companies Act, 2017 and pursuant to S.R.O. 389(I)/2023 dated 21st March 2023, the financial statements of the Company have been uploaded on the website of the Company which can be downloaded from the following web-link and QR enabled code:-

   https://fccl.com.pk/en/annual-reports/

   If any member wishes to have a printed copy of the said financial statements, the member may write to the Company Secretary for sending a printed copy by mail at member's registered address. It will be supplied free of cost within one week of receipt of the request.

2. **Closure of Share Transfer Books**. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 8th October to 14th October 2024 (both days inclusive) for the purpose of attending AGM. Transfers received in order at M/s Corplink (Pvt) Limited Wings Arcade, 1-K, Commercial Model Town Lahore upto the close of business on 7th October 2024 will be treated in time for purpose of the above entitlement and to attend the Annual General Meeting (AGM).

3. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his / her proxy to attend the meeting and vote instead of him / her. Proxies in order to be effective must be received by the Company not later than 48 hours before the meeting.

4. **For CDC Account Holders / Corporate Entities**. In addition to the above, the following requirements have to be met:-

   a. The proxy form duly completed and signed as per requirement must be deposited at the registered office of the Company i.e. Fauji Towers, Block-III, 68 Tipu Road, Chaklala, Rawalpindi. CNIC numbers shall be mentioned on the form.

   b. Proxy form can be downloaded from the following link on Company's website https://fccl.com.pk/en/download-forms.

   c. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi *

d. The proxy holder shall produce his original CNIC or original passport at the time of meeting.

e. In case of corporate entity, certified copy of the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted.

f. Members are requested to provide copies of their valid CNICs, and also promptly notify any changes in their addresses.

5. **Online Participation in AGM**

a. To facilitate and ensure wider participation of the members, the Company will also be providing the online platform / facility to participate in the AGM in the shape of webinar/webex/zoom. The members will be able to login and participate in the AGM proceedings through their smartphones or computer devices after completing all the formalities required for the verification and identification of the members. In this regard, members are required to update their valid e-mail addresses with the Share Registrar, latest by 7th October 2024.

b. The members who have already updated their valid e-mail addresses with the Company or its Share Registrar and are interested to attend AGM electronically, may send their request along with folio number at secretaryoffice@fccl.com.pk. Such request should be sent from their duly registered valid e-mail address for the registration purposes latest by 13th October 2024.

6. **Deduction of Income Tax from Dividend and Exemption from Deduction**

a. The current prescribed rates for the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 from payment of dividend by the companies are as under:

(1) For filers of income tax returns = 15%

(2) For non-filers of income tax returns = 30%

b. The income tax is deducted from the payment of dividend according to the Active Tax-Payer List (ATL) provided on the website of FBR. All those shareholders who are filers of income tax returns are therefore advised to

Fauji Cement Company Limited FAUJI CEMENT Rawalpindi

ensure that their names are entered into ATL to enable the Company to withhold income tax from payment of cash dividend @ 15% instead of 30%.

c. Further according to Federal Board of Revenue (FBR), withholding tax will be determined separately on "Filer/Non-Filer" status of Principal shareholders as well as joint shareholder(s) based on their shareholding proportions in case of joint accounts held by the shareholders.

d. In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide the shareholding proportions of Principal shareholder and joint shareholder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar in writing as follows:-

| **FAUJI CEMENT COMPANY LIMITED** | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| FORM OF JOINT SHAREHOLDING PROPORTION | | | | | | |
| Folio / CDC Account No. | Total Holding | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | | Signatures |
| | | Name of Principal Shareholder and CNIC No | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name of Joint Shareholder(s) and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | |
| | | | | | | |

e. The joint accounts information must reach our Share Registrar with 10 days of this notice. In case of non-receipt of information, it will be assumed that the shares are equally held by the principal shareholder and the joint holder(s).

f. The shareholders, who want to avail exemption u/s 150 of the Income Tax Ordinance 2001, must provide valid Tax Exemption Certificate to our Share Registrar before commencement of book closure, otherwise tax will be deducted on dividend as per applicable rates.

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi * FAUJI CEMENT

7. **Consent for Video Conference Facility**

Pursuant of Section 132(2) of the Companies Act. 2017, Members may avail video conference facility for this Annual General Meeting provided the Company received consent from the members holding aggregate 10% or more shareholding at least 7 days prior to the date of meeting. The requisite form for availing the facility is provided at the website of the company at www.fccl.com.pk.

8. **Unclaimed Dividends and Share Certificates**

a. The Company has previously discharged its responsibility under Section 244 of the Companies Act, 2017 whereby the Company approached the members to claim their unclaimed dividend and undelivered share certificates in accordance with the law.

b. Members, whose dividends and share certificates are still unclaimed/ undelivered, are hereby once again advised to approach the Company to claim their outstanding dividend amounts and/ or undelivered share certificates.

9. **Deposit of Physical Shares into CDC Account**. As per Section 72 of the Companies Act, 2017, every existing listed Company is required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as specified by the Commission. The members having physical shareholding are encouraged to open Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scrip-less form. This will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

10. **Provision of International Banking Account Number (IBAN Detail)**. "Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 and SECP's Circular No 421(I) 2018 dated 19th March 2021, listed Company must pay cash dividends directly into shareholders' designated bank accounts. Shareholders are required to provide their International Bank Account Number (IBAN) details as directed by SECP.

Fauji Cement Company Limited * Rawalpindi * FAUJI CEMENT

11. **Change of Address**. Members are requested to notify any change in their addresses immediately. For any further assistance, the members may contact the Company or the Share Registrar at the following address:-

**Registered Office - FCCL**

Company Secretary
Fauji Cement Company Limited
Fauji Towers, Block -III, 68 Tipu Road
Chaklala, Rawalpindi, Pakistan
Tel: +92-051-9280081- 83
Website: htpp://www.fccl.com.pk

**FCCL Registrar**

M/s Corplink (Pvt) Limited
Wings Arcade, 1-K, Commercial
Model Town Lahore, Pakistan
Tel: +92-042-35916714-19, 35839182
Email: corplink786@gmail.com,
Website: http://www.corplink.com.pk

# اطلاع برائے 32 واں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے ممبران کا 32 واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بمقام پرل کانٹی نینٹل ہوٹل، دی مال، راولپنڈی، بتاریخ 14 اکتوبر 2024 (پیر) بوقت 1500 بجے منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور طے کیے جائیں گے:

**عمومی امور**

1۔ 27 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے 31 ویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو زیرِ غور لانا اور ان کی منظوری دینا۔

3۔ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے منظور شدہ آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

4۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق، 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے 10 فیصد یعنی ایک روپیہ کے حساب سے حتمی نقد حصہ فی شیئر کی ادائیگی کو زیرِ غور لانا اور اس کی منظوری دینا۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر معاملے کو زیرِ غور لانا۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز، فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

بریگیڈیر کاشف نوید عباسی، ستارۂ امتیاز (ملٹری)، ریٹائرڈ

کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی

مؤرخہ 20 ستمبر 2024

**نوٹ**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کے تحت اور S.R.O. 389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کر دیے گئے ہیں جنھیں درج ذیل ویب لنک اور کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://fccl.com.pk/en/annual-reports/

اگر کوئی ممبر مذکورہ مالیاتی گوشواروں کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنے کا خواہاں ہو تو کمپنی سیکرٹری کو تحریری طور پر کہہ سکتا ہے کہ پرنٹ شدہ

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

کاپی بذریعہ ڈاک ممبر کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجی جائے۔ یہ کاپی درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر بلامعاوضہ ارسال کردی جائے گی۔

2۔ <u>شیئرز کی منتقلی کے کھاتہ جات کی بندش</u>

کمپنی کے شیئرز کی منتقلی کے کھاتہ جات 8 اکتوبر سے 14 اکتوبر 2024 (بشمول ان دونوں دنوں کے) اجلاسِ عام میں شرکت کی غرض سے بند رہیں گے۔ شیئرز کی منتقلی کی ایسی درخواستیں جو قاعدے کے مطابق ہوں اور میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ وِنگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور کو 7 اکتوبر 2024 کو دفتری اوقات کے ختم ہونے تک موصول ہو جائیں گی، ان کو بروقت گردانتے ہوئے مندرجہ بالا استحقاق کا حامل سمجھا جائے اور وہ سالانہ اجلاسِ عام (AGM) میں شرکت کے اہل ہوں گے۔

3۔ میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو بطور پراکسی میٹنگ میں شرکت کرنے اور اپنی جگہ ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو موصول ہو جانی چاہیے۔

4۔ <u>CDC اکاؤنٹ کے حامل/تجارتی اداروں کے لیے</u>

مندرجہ بالا شق کے علاوہ درج ذیل تقاضے پورا کرنا بھی ضروری ہے:

الف۔ مطلوبہ تقاضوں کے مطابق پراکسی کے تقرر کا باقاعدہ پُر شدہ اور دستخط شدہ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یعنی فوجی ٹاور، بلاک–III، 68 ٹیپو روڈ، چکلالہ، راولپنڈی میں جمع کروایا جانا چاہیے۔ فارم پر شناختی کارڈ نمبر کا اندراج لازمی ہے۔

ب۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ کے درج ذیل لنک https://fccl.com.pk/en/download-forms سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

ج۔ شیئر کے مالک اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

د۔ پراکسی کا حامل فرد میٹنگ کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

ر۔ تجارتی ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامے کی مصدقہ نقل مع نمونے کے دستخط کے جمع کروائی جائے گی۔

س۔ تمام ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نقول فراہم کریں اور اپنے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری اطلاع دیں۔

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

5۔ **AGM میں آن لائن شرکت**

الف۔ ممبران کی بڑی تعداد کی شرکت کو یقینی بنانے اور انھیں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے، کمپنی میٹنگ میں آن لائن شرکت کا پلیٹ فارم/سہولت webinar/webex/zoom کی صورت میں بھی مہیا کرے گی۔ ممبران اپنے سمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے اپنی شناخت اور تصدیق کے لوازمات پورے کرنے کے بعد AGM کی کارروائی میں لاگ اِن کر کے شرکت کرنے کے قابل ہوسکیں گے۔ اس ضمن میں ممبران کے لیے ضروری ہے کہ اپنے کارآمد ای میل ایڈریس 7 اکتوبر 2024 سے قبل شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔

ب۔ وہ ممبران جنھوں نے اپنے کارآمد ای میل ایڈریس کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیے ہیں اور وہ AGM کی کارروائی میں آن لائن شرکت میں دلچسپی رکھتے ہیں، اپنے فولیو نمبر کے ساتھ secretaryoffice@fccl.com.pk پر اپنی درخواست ارسال کر سکتے ہیں۔ ایسی درخواستیں اپنے کارآمد اور باقاعدہ رجسٹر شدہ ای میل ایڈریس سے رجسٹریشن کی غرض سے 13 اکتوبر 2024 تک بھیج دی جانی چاہئیں۔

6۔ **منافع (Dividend) کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی اور کٹوتی سے استثنیٰ**

الف۔ کمپنیوں کی طرف سے منافع (Dividend) کی ادائیگی پر انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 150 کے تحت وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی موجودہ مقرر شدہ شرح درج ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| (1) انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلرز کے لیے | = | 15 فیصد |
| (2) انکم ٹیک ریٹرن کے نان فائلرز کے لیے | = | 30 فیصد |

ب۔ منافع کی ادائیگی میں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی FBR کی ویب سائٹ پر دی گئی فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق کی جائے گی۔ اس لیے ایسے تمام حصص داران سے جو انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلر ہیں، گزارش کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے ناموں کا اندراج ATL میں موجود ہے تاکہ کمپنی ان کے منافع جات کی نقد ادائیگی کرتے ہوئے انکم ٹیکس کی مد میں 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد کے حساب سے کٹوتی کرے۔

ج۔ مزید برآں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کے قواعد کے مطابق بنیادی حصص داران (Principal shareholders) اور مشترکہ حصص داران (Joint shreholders) پر، اگر وہ جوائنٹ اکاؤنٹ رکھتے ہیں، ان کے حصص کے تناسب سے ان کے ''فائلر/ نان فائلر'' ہونے کی حیثیت سے الگ الگ حساب سے ٹیکس لاگو ہو گا۔

د۔ اس ضمن میں ایسے تمام حصص داران جو مشترکہ حصص رکھتے ہیں، ان سے گزارش ہے کہ اپنے بنیادی حصص داران

Fauji Cement Company Limited
FAUJI CEMENT
Rawalpindi

اور مشترکہ حصص داران کے تناسب (proportions) سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل فارمیٹ کے مطابق تحریری طور پر آگاہ کریں:

| مشترکہ حصص کے تناسب کا فارم | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کُل تعداد | بنیادی (Principal) شیئر ہولڈر | | مشترکہ (Joint) شیئر ہولڈر | | دستخط |
| | | بنیادی شیئر ہولڈر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | مشترکہ شیئر ہولڈر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | |

ر۔ مشترکہ اکاؤنٹس کی معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کو اس نوٹس کی اشاعت کے دس دن کے اندر لازماً موصول ہو جانی چاہئیں۔ معلومات کی عدم موصولی کی صورت میں یہ سمجھا جائے گا بنیادی شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر کے حصص کا تناسب مساوی ہے۔

س۔ ایسے حصص داران جو انکم ٹیکس آرڈننس، 2001 کی دفعہ 150 کے تحت استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، لازماً ٹیکس سے استثنیٰ کا اپنا کارآمد سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار کو شیئر کے کھاتے بند ہونے کی تاریخ سے قبل فراہم کریں، بصورتِ دیگر حصے (dividend) کی ادائیگی پر عمومی قابلِ اطلاق شرح کے مطابق ٹیکس کاٹا جائے گا۔

7۔ <u>وڈیو کانفرنس کی سہولت کی رضامندی</u>

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (2)132 کی رُو سے، ممبران اس سالانہ اجلاسِ عام کے لیے وڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں بشرطیکہ کمپنی کو مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زیادہ حصص رکھنے والے ممبران کی طرف سے میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل رضامندی کا فارم موصول ہو۔ اس سہولت کے حصول کے لیے مطلوبہ فارم کمپنی کی وب سائٹ www.fccl.com.pk پر فراہم کیا گیا ہے۔

8۔ <u>غیر دعویٰ شدہ منافع (dividend) ور شیئر سرٹیفکیٹ</u>

الف۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 244 کے تحت کمپنی پہلے ہی اپنی اس ذمہ داری سے سبکدوش ہو چکی ہے کہ وہ غیر دعویٰ شدہ منافع جات اور غیر تقسیم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کے لیے قانون کے مطابق ممبران تک رسائی حاصل کر کے انھیں مطلع کرے گی۔

ب۔ ایسے ممبران سے جن کے منافع جات (dividend) اور شیئر سرٹیفکیٹ تا حال غیر دعویٰ شدہ یا غیر تقسیم شدہ ہیں، کمپنی ایک مرتبہ پھر گزارش کرتی ہے کہ اپنے واجب الادا منافع جات اور سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے اپنے دعوی

داخل کریں۔

9۔ فزیکل شیئرز کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کروانا

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق، ہر ایک موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو کمیشن کے بتائے گئے طریقے کے مطابق کھاتے کے اندراج کے ایک فارم میں تبدیل کرے۔ ایسے ممبران جن کے پاس فزیکل شیئرز موجود ہیں، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ براہِ راست CDC کے ساتھ اپنا سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولیں تا کہ ان کے فزیکل شیئرز، scripless فارموں میں تبدیل ہو سکیں۔ اس سے ان کو کئی طرح کی سہولتیں حاصل ہوں گی جن میں شیئرز کو بحفاظت رکھنا اور جب چاہیں انھیں فروخت کرنا بھی شامل ہے، کیونکہ پاکستان سٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کی رُو سے فزیکل شیئرز کی خرید و فروخت کی اجازت نہیں ہے۔

10۔ انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN کی تفصیلات) کی فراہمی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 242 کی رُو سے اور سکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 2018(I)421 مؤرخہ 19 مارچ 2021 کے مطابق کسی لِسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ منافع (dividend) کی نقد ادائیگی براہِ راست حصص داران کے باقاعدہ بینک اکاؤنٹ میں کرے۔ تمام حصص داران کے لیے ضروری ہے کہ SECP کی ہدایات کی روشنی میں اپنے انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر کی تفصیلات کمپنی کو فراہم کریں۔

11۔ پتے کی تبدیلی

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر آگاہ کریں۔ مزید معاونت کے حصول کے لیے ممبران کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

الف۔ رجسٹرڈ آفس — FCCL

کمپنی سیکرٹری

فوجی سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

فوجی ٹاورز، بلاک — III، 68 ٹیپو روڈ،

چکلالہ، راولپنڈی، پاکستان۔

فون: 83-9280081-51-92+

ویب سائٹ: htpp://www.fccl.com.pk

ب۔ FCCL رجسٹرار

میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن،

لاہور، پاکستان۔

فون: 35839182 ,19-35916714-42-92+

ای میل: corplink786@gmail.com

ویب سائٹ: http://www.corplink.com.pk

Fauji Cement Company Limited Rawalpindi